فوری ریلیز کے لیے: 20/10/2022 | **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL اور سافک کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو BELLONE نے زمین کی منتقلی کا اعلان کیا ہے تاکہ قومی ماورائے ساحل ہوائی تربیتی مرکز کو سافک کاؤنٹی میں شامل لایا جائے اور نیویارک کے باشندوں کو گرین جابز کے حوالے سے تربیت دی جائے

افرادی قوت میں کمی کے خاتمے اور نیویارک کے باشندوں کو اعلیٰ پیداوار والی ملازمتوں کے لیے تیار کرنے کی خاطر توسیعی ماورائے ساحل ہوائی افرادی قوت کی ترقی اور تربیتی اقدامات کے لیے 9$ ملین کے تقابلی موقع کا آغاز کیا گیا

سنہ 2035 تک ماورائے ساحل ہوا سے بنائی جانے والی بجلی کے 9,000 میگاواٹ تیار کرنے کے ہدف کی معاونت کرتا ہے اور بطور انڈسٹری ہب نیویارک کی ساکھ قائم کرتا ہے

گورنر Kathy Hochul اور سافک کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو Steve Bellone نے آج ریاست نیویارک اور سافک کاؤنٹی کے درمیان زمین کی کامیاب منتقلی کا اعلان کیا تاکہ قومی ماورائے ساحل ہوائی تربیتی مرکز (National Offshore Wind Training Center) کو نیویارک میں شامل کیا جا سکے۔ گورنر نے ریاست کے ماورائے ساحل ہوائی تربیتی انسٹیٹیوٹ کے ذریعے افرادی قوت میں کمی کے خاتمے اور نیویارک کے باشندوں کو اس فروغ پذیر انڈسٹری میں اعلیٰ پیداوار والی ملازمتوں کے لیے تیار کرنے کی خاطر توسیعی ماورائے ساحل ہوائی افرادی قوت کی ترقی اور تربیت کے اقدامات کے لیے 9$ ملین کے تقابلی موقع کا آغاز بھی کیا، جس کی قیادت نیویارک کی ریاستی یونیورسٹی فرمنگڈیل سٹیٹ کالج اور سٹونی بروک یونیورسٹی کے اشتراک سے ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیقی و ترقیاتی اتھارٹی (Energy Research and Development Authority) کر رہی ہے۔ آج کے اعلانات ماورائے ساحل ہوا کے بنیادی قومی ہب کے طور پر ریاست نیویارک کی ساکھ قائم کرنے میں مسلسل پیش رفت کو ظاہر کرتے ہیں اور سنہ 2035 تک ماورائے ساحل ہوا سے بنائی جانے والی بجلی کے 9,000 میگاواٹ تیار کرنے کے لیے موسمیاتی قیادت و کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے ہدف کی معاونت کرتے ہیں۔

"نیویارک صاف توانائی کے انقلاب کے لیے چارج کی قیادت کر رہا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہم اختراعی، انڈسٹری کی قیادت کرنے والی کمپنیوں کے ساتھ شراکت داری کر رہے ہیں اور معاشی ترقی میں اضافے اور نیویارک کے باشندوں کے لیے اچھی تنخواہ والی ملازمتوں کی خاطر عوامی اور نجی سرمایہ کاریوں کی مد میں اربوں کی رقم پیش کر رہے ہیں۔ قومی ماورائے ساحل ہوائی تربیتی مرکز ہماری افرادی قوت کو مستقبل میں گرین جابز کے لیے تیاری کرنے، صاف توانائی کے ان پروجیکٹس کے لیے درکار عملی بنیادی ڈھانچے کی معاونت کرنے، اور اس پاور ہاؤس انڈسٹری کے اندر بطور عالمی رہنما، نیویارک کے کردار کو مستحکم کرنے کے سلسلے میں ہماری کوششوں میں اضافہ کرے گا۔"

سافک کاؤنٹی نے ریاست کا ملکیتی پارسل جو کہ برینٹ ووڈ میں واقع ہے، کمیونٹی پر مرتکز ایک ایسی جگہ کی تخلیق کے لیے 1.46$ ملین میں خریدا جو خاندانی کی کفالت کرنے کی اہلیت دینے والی ملازمتوں کے مواقع اور تعلیم کے فروغ، بالخصوص افرادی قوت میں شامل ہونے والے ہائی سکول اور کالج کی عمر کے نیویارک کے باشندگان کے لیے مواقع تک رسائی میں توسیع دیتی ہے۔ یہ سائٹ، جو کہ کاؤنٹی کے ساتھ 22 سالہ معاہدے کو شامل کرتی ہے، قائم کردہ ایک نئے ماورائے ساحل ہوائی تربیتی مرکز (National Offshore Wind Training

(Center, NOWTC کی میزبانی کرے گی جس کی فنڈنگ 10$ ملین کی سرمایہ کاری سے (اورسٹیڈ A/S اور ایورسورس انرجی کی مشترکہ کاوش) سنرائز ونڈ کرے گا، او یہ لیبر AFLCIO کی لانگ آئیلینڈ فیڈریشن، نساؤ اینڈ سافک بلڈنگ اینڈ کنسٹرکشن ٹریڈز، سافک کاؤنٹی کمیونٹی کالج، الیکٹرک ملازمین کے بین الاقوامی بھائی چارے (International Brotherhood of Electric Workers)، امریکا کے یوٹیلیٹی کارکنان کی یونین، بلو گرین اتحاد (BlueGreen Alliance) اور اقلیتی ملینیلز (Minority Millennials) کے ساتھ شراکت داری میں کی جائے گی۔ ماورائے ساحل ہوا کے لیے NOWTC سے فی الوقت گلوبل ونڈ آرگنائزیشن (Global Wind Organization, GWO) کے معیارات کے تحت ہزاروں نہیں، تو کم از کم سینکڑوں کارکنان کی تربیت متوقع ہے۔ اس کے علاوہ، NOWTC تعمیرات کی انڈسٹری کے علاوہ مصنوعہ سازی کی توثیقات کے لیے پری اپرنٹس شپ تربیت میں داخل ہونے والے طریقوں کے لیے ایسے نصاب اور معاونتی خدمات پیش کرے گا، جن سے علاقائی ملازمتوں کو فائدہ پہنچے گا۔

سافک کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو Steve Bellone کا کہنا تھا، "اس بات کو یقینی بنانا کہ ہمارے علاقے میں موجود ہر کمیونٹی کے ہر فرد کو کامیاب ہونے کے لیے یکساں موقع حاصل ہو، ہماری معیشت کی ترقی میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ کمیونٹی پر مرتکز یہ مرکز تعلیم، حکومت، انڈسٹری اور کمیونٹی کے لیے ایک ایسی جگہ ہے جہاں وہ موقع کے حصول کے دروازے کھولنے کی خاطر اکٹھے ہو سکیں۔ قومی ماورائے ساحل ہوائی تربیتی مرکز کے ساتھ شراکت داری ہمارے رہائشیوں کو بھرتی ہوئی ماورائے ساحل ہوا کی انڈسٹری کا مرکز بننے کا موقع فراہم کرے گی۔ کاؤنٹی میں افرادی قوت کی ترقی اور معاشی ترقی کے ایک نئے دور میں داخل ہونے میں مدد دینے کے پختہ عزم پر میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔"

نیویارک کی افرادی قوت کے لیے مراعات کو وسیع تر بنانے کے لیے، NOWTC ریاست کے ماورائے ساحل ہوائی تربیتی انسٹیٹیوٹ (Offshore Wind Training Institute, OWTI) کے ساتھ مل کر کام کرے گا تاکہ جامع اور متبادل ماورائے ساحل ہوا اور صاف توانائی کی تربیت اور افرادی قوت کی ترقی کے اقدامات مستحکم ہو سکیں۔ 20$ ملین مالیت کا OWTI ماورائے ساحل ہوائی تربیتی پروگراموں اور تعلیمی بنیادی ڈھانچے کو ترقی دے رہا ہے جو ایک ایسی ہنرمند افرادی قوت کو مستحکم کرنے کے لیے درکار ہے جو ابھرتی ہوئی ماورائے ساحل ہوائی انڈسٹری کو مدد دے سکے۔ انڈسٹری، تعلیم، تجارت اور کمیونٹی شراکت داریوں کی ریاست گیر حفاظتی قوت تشکیل دینے کے لیے، OWTI نیویارک کے 2,500 باشندوں کو تربیت دے گا جو کہ رواں سال سے شروع ہو کر 2027 تک جاری رہے گی تاکہ ماورائے ساحل اور ساحلی دونوں قابلِ تجدید صاف توانائی کے پروجیکٹس میں معاونت مل سکے۔

آج، NYSERDA نے OWTI کی دوسری درخواست گزاری کا اجراء کیا جس میں تکنیکی/پیشہ ورانہ ہائی سکولوں، کمیونٹی کالجز، یونیورسٹیوں، یونینز، تربیتی اور ملازمتی مصالحتی عاملین، کمیونٹی پر مبنی تنظیموں اور غیر منافع بخش تنظیموں سے نئی افرادی قوت کی ترقی اور تربیتی اقدامات کے حوالے سے تجاویز طلب کی گئیں۔ ان تربیتی اقدامات اور پروگراموں کے لیے گرانٹ فنڈنگ فراہم کی جائے گی جو ان پروجیکٹس کو ترجیح دیتے ہوئے نئے یا موجودہ کارکنوں پر توجہ مرکوز رکھتے ہیں، جو ترجیحی آبادیوں اور محروم کمیونٹیز کے افراد کو خدمات فراہم کرتے ہیں۔ NYSERDA ان پروجیکٹس کو بھی فوقیت دے گا جو اوریجنل ماورائے ساحل ہوائی ایکوئپمنٹ مینوفیکچررز (original equipment manufacturers، OEMs)، تقسیم کاران، وینڈرز، ترسیل کاران، تخلیق کاران، لیبر یونیز، اور ٹریڈ ایسوسی ایشنز کے ساتھ شراکت داریوں کے ذریعے ماورائے ساحل ہوائی افرادی قوت میں براہ راست داخل ہونے کی پیشکش کرتے ہیں۔ منتخب شدہ تربیتی ادارے ایوارڈز کے بعد جلد ہی کارکنان کی تربیت شروع کر دیں گے، جن کا 2023 کے اوائل میں آغاز متوقع ہے۔

ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیقی و ترقیاتی اتھارٹی کی صدر اور CEO اور آب و ہوا کی اقدامی کونسل کی شریک صدر Doreen M. Harris نے کہا، "گورنر Hochul کی زیرِ قیادت، نیویارک ماورائے ساحل ہوا سے نو گیگاواٹ بجلی پیدا کرنے میں مسلسل اپنی راہیں مستحکم کر رہا ہے جبکہ اس بات کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے کہ ہم متنوع، مناسب تربیت یافتہ، مقامی رہائشیوں پر مشتمل باصلاحیت افراد کا ایک گروہ تخلیق کریں جو خاندان کی کفالت کرنے والے کیریئرز کے ذریعے ہماری صاف توانائی کی معیشت کو فروغ دیں گے، اسے تخلیق کریں گے، اس کا قیام عمل میں لائیں گے، اور اسے چلائیں گے۔ NYSERDA متعدد ایسی شراکت داریوں کا خیرمقدم کرتی ہے جو اس موقع کے نتیجے میں تخلیق ہوں گی تاکہ نیویارک کے باشندوں کو اس حوالے سے تیار کیا جا سکے اور ان کی تربیت

کی جا سکے کہ وہ ریاست کے ماورائے ساحل ہوائی پروجیکٹس اور اس سے بھی بڑھ کر پروجیکٹس کے قومی رہنما پورٹ فولیو پر کام کر سکیں۔"

ریاست نیویارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر اور آب و ہوا کی اقدامی کونسل کے شریک صدر Basil Seggos نے کہا، "نیویارک نے ماورائے ساحل ہوا کے رہنما کے طور پر اپنی ساکھ قائم کی ہے، اور یہ تربیتی مرکز اس بات کو یقینی بنانے میں مدد دے گا کہ مستقبل کی اچھی تنخواہوں والی یہ ملازمتیں نیویارک کے تمام باشندوں کے لیے دستیاب ہوں گی۔ چونکہ آب و ہوا گورنر Hochul کی انتظامیہ کی ترجیحی رہی ہے، لہٰذا ہماری ریاست ایک بار پھر سے اپنے ماحول کی حفاظت اور آب و ہوا کی تبدیلی کا مقابلہ کرنے کے لیے 2035 تک ماورائے ساحل ہوا سے 9,000 میگاواٹ بجلی پیدا کرنے اور 2050 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں 85 فیصد کمی لانے کے ہمارے پُرعزم آب و ہوا کے اقدام کے اہداف، نیز 2040 تک 100 فیصد غیر اخراجی بجلی کے اہداف کے حصول میں معاونت دینے کے لیے اپنی کوششوں میں توسیع کر رہی ہے۔"

پبلک سروس کے چیئرمین Rory M. Christian کا کہنا تھا کہ، "زیر تعمیر ماورائے ساحل ہوا کے پروجیکٹس موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے کاربن میں کمی اور صاف توانائی کے قومی رہنما اہداف کو پورا کرنے کے لیے نہایت اہم ہیں۔ میں لانگ آئیلینڈ میں افرادی قوت کے تربیتی پروگرام کی تشکیل کو یقینی بنانے پر گورنر Hochul کی قیادت کا معترف ہوں۔ فوسل ایندھن پر انحصار میں کمی، صاف توانائی کی سرمایہ کاری میں اضافے، صاف توانائی کی ملازمتوں کی تخلیق، اور ہمارے ماحول کو بہتر بنانے کے ذریعے ان ماورائے ساحل ہوائی پروجیکٹس سے نیویارک کے تمام باشندوں کو فائدہ پہنچتا ہے۔"

اورسٹیڈ آف شور نارتھ امریکہ کے CEO David Hardy نے کہا، "اورسٹیڈ ہمارے پروجیکٹس کی تعمیر کے لیے ایک نئی امریکی افرادی قوت کے قیام کے لیے پُرعزم ہے، اور اس سے مراد کارکنوں کی تربیت میں بڑی سرمایہ کاریاں کرنا اور مقامی لیبر یونینز، افرادی قوت کی تشکیل کی تنظیموں، اور کمیونٹی شراکت داران کے ساتھ اشتراک کرنا ہے۔ روزِ ازل سے، NOWTC کا ہدف انڈسٹری، مزدوروں اور تعلیمی نظام کے ساتھ بطور شریک کام کرنا ہے تاکہ سافک کاؤنٹی میں ابھرتی ہوئی ماورائے ساحل ہوائی انڈسٹری کے لیے ایک پُرکشش مرکز تخلیق کیا جا سکے۔ NOWTC کی رہنما ٹیم ماورائے ساحل ہوا کے شعبے کی انڈسٹری کے تقاضوں کو سمجھنے اور ایسی پروگرامنگ مرتب کرنے کے لیے موزوں ہے جو اس علاقے کے کارکنوں اور اس فروغ پذیر انڈسٹری، دونوں کی ضرورتوں میں معاونت فراہم کرے۔ ہم نیویارک کے باشندوں کو ان درکار مہارتوں کی فراہمی کو یقینی بنانے کے حوالے سے گورنر Hochul کی مسلسل رہنمائی پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ جو صاف توانائی کے پروجیکٹس کے قیام میں ہمیں مدد دینے کے لیے انہیں درکار ہیں۔"

ایورسورس انرجی کے چیف ایگزیکٹیو افسر اور صدر Joe Nolan نے کہا، "ایک قومی ماورائے ساحل ہوائی تربیتی مرکز کے قیام میں مدد دینے پر ہمیں فخر ہے جو نیویارک کے ان باشندوں کے لیے اہم تربیت اور موقع کی راہیں استوار کرے گا جو اس دلچسپ انڈسٹری میں داخل ہونے کے خواہشمند ہیں۔ گورنر Hochul کی قیادت کا شکریہ، نیویارک ایک نئی ماورائے ساحل ہوائی افرادی قوت کو فروغ دے رہا ہے، اور برینٹ ووڈ کے اندر NOWTC کمیونٹی کے مضبوط روابط کے فروغ کے لیے ایک ایسا بےمثال موقع پیش کرتا ہے جو ابھرتی ہوئی ماورائے ساحل ہوا کی انڈسٹری میں آگہی اور روزگار کے مواقع تک رسائی فراہم کرتا ہے۔"

OWTI کی درخواست میں مطلوبہ ابتدائی تجویز پیش کرنے والے کاغذ کے بعد محض مدعو افراد کی مکمل تجویز پر مشتمل دو مرحلہ وار درخواست کا طریقہ شامل ہوتا ہے۔ ابتدائی تجویز کے کاغذات 20 اکتوبر 2022 سے شروع ہو کر 23 مارچ 2023 تک سلسلہ وار بنیاد پر منظور کیے جائیں گے اور موصول ہونے کے چار سے چھ ہفتوں کے اندر ان کا جائزہ لیا جائے گا۔ موافق جائزے کے بعد، منتخب شدہ درخواست دہندگان کو درج ذیل مقررہ تاریخوں پر مکمل تجویز جمع کروانے کی دعوت دی جائے گی:

- **پہلا مرحلہ**- 17 جنوری 2023؛

- **دوسرا مرحلہ** - 23 مارچ 2023؛
- **تیسرا مرحلہ** - 1 جون 2023۔

منتخب کردہ ماورائے ساحل ہوائی تربیتی پروگراموں اور اقدامات کی تشکیل اور نفاذ کا عمل تقریباً 18 سے 24 ماہ کے عرصے میں پایۂ تکمیل تک پہنچنا متوقع ہے۔ یہ نئے تربیتی اقدامات، ٹرائے، نیویارک میں ہڈسن ویلی کمیونٹی کالج، اور کوئینز، نیویارک میں لاگارڈیا کمیونٹی کالج کی جانب پیش کیے جانے والی OWTI کی جیتنے والی پہلی دو تجاویز کی بنیاد پر تشکیل پائیں گے، تاکہ محروم کمیونٹیز اور ترجیحی طبقات - بشمول سابقہ فوجیوں، معذوری کے شکار افراد، کم آمدنی والے افراد، بےگھر افراد، اور بنا ساتھی والد/والدہ کے لیے - دارالحکومتی علاقے اور نیویارک شہر دونوں کے اندر ابتدائی تربیت اور مہارتوں کی تشکیل میں معاونت فراہم کی جا سکے۔

نیویارک کی ریاستی یونیورسٹی کی چانسلر Deborah F. Stanley کا کہنا تھا، "گورنر Hochul کے زیرِ قیادت اور ہماری پوری ریاست کے اندر ہماری جانب سے توانائی کے قابلِ تجدید وسائل کے استعمال میں اضافہ کرنے کے پختہ عزم کے نتیجے میں، نیویارک ہماری مستقبل کی افرادی قوت کے لیے تعلیم و تربیت کے شعبے میں نمایاں سرمایہ کاریاں کر رہا ہے۔ SUNY کو اس اہم ذمہ داری کا حصہ بننے پر فخر ہے جس میں طلبہ کو مصنوعہ سازی، ونڈ ٹربائن ٹیکنالوجی، توانائی کی منتقلی، اور مزید میں اچھی تنخواہوں والی ملازمتوں کی فراہمی کے ساتھ ابھرتی ہوئی ماورائے ساحل ہوا کی انڈسٹری کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔ ماورائے ساحل ہوائی تربیتی انسٹیٹیوٹ میں ہمارے شراکت داران، بالخصوص NYSERDA، اور اس کے علاوہ فرمنگڈیل سٹیٹ کالج اور سٹونی بروک یونیورسٹی کا بھی بہت شکریہ جو موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے اور مستقبل کی صاف توانائی کی افرادی قوت کو آگہی فراہم کرنے کی اس قومی قیادت کرنے والی کاوش کو فروغ دے رہے ہیں۔"

رکن اسمبلی Steve Englebright نے کہا، "قابلِ تجدید توانائی تک رسائی مستقبل کا تعین کرے گی۔ یہی وجہ ہے کہ یہ مشاہدہ کرنا نہایت حوصلہ افزا ہے کہ گورنر Kathy Hochul ماورائے ساحل ہوا کی توانائی کے فروغ کے لیے اپنے منصب کا بھرپور استعمال کر رہی ہیں تاکہ یہ ہمیں ایک ایسا بہترین مستقبل مہیا کر سکے جس میں کم فضائی آلودگی کے باعث صحت کی مراعات اور ہزاروں نئی ملازمتوں، دونوں کی فراہمی شامل ہو۔ گورنر Hochul کی دانشمندی اور ان کے ویژن پر میں انہیں مبارک باد پیش کرتا ہوں۔"

نساؤ اور سافک بلڈنگ اینڈ کنسٹرکشن ٹریڈز کے صدر Matthew Aracich نے کہا، "آج ہم نے ریاست نیویارک کی خاطر لانگ آئیلینڈ کی افرادی قوت کو اپنی نئی معیشت کے مرکز سے مربوط کرنے میں اگلا شاندار قدم اٹھایا ہے۔ میں گورنر Hochul کو یہاں لانگ آئیلینڈ میں ماورائے ساحل ہوا کی انڈسٹری کے فروغ کے حوالے سے ان کی قیادت پر دلی طور پر انہیں سراہنا چاہوں گا۔ افرادی قوت کی ترقی کو اپنی اوّلین ترجیح رکھنے کے حوالے سے گورنر نے اپنے عہد کی پاسداری کی ہے، اور آج انہوں نے اس بات کو ثابت کر دیا ہے! ہم سب یہاں ان کے ایک سٹریٹ میں فنڈنگ کے نئے ذریعے کے اعلان کے سبب اکٹھے ہوئے ہیں کہ جو قومی ماورائے ساحل ہوائی تربیتی مرکز (National Offshore Wind Training Center، NOWTC) کے قیام کی صورت میں سامنے آئے گی۔ یہ سہولت گاہ برینٹ ووڈ کمیونٹی کے اندر افرادی قوت کے فروغ کے پروگراموں کے ذریعے باصلاحیت افراد کے لیے مقناطیسی کشش کی حامل ہو گی اور نوجوان نسل کو کیریئر کے مواقع کی نئی راہوں سے روشناس کروانے میں مدد دے گی۔ اورسٹیڈ اور مائیرسک کے ساتھ NOWTC کی تدبیری شراکت داری کے نتیجے میں ایک مرکزی تربیتی سہولت گاہ تخلیق ہو گی جو ماورائے ساحل ہوا کی انڈسٹری میں کام کرنے والے ہر شخص کے لیے GWO تصدیق دستیاب بنائے گی اور اس خلاء کو پُر کرے گی جو ماورائے ساحل ہوا سے GW9 بجلی پیدا کرنے کے لیے درکار ہے، جو کہ ہم یہاں لانگ آئیلینڈ میں تعمیر کر رہے ہیں۔"

سافک کاؤنٹی کمیونٹی کالج کے صدر Edward T. Bonahue, Ph.D. نے کہا، "سافک کاؤنٹی کمیونٹی کالج ہوا کی توانائی جیسی ابھرتی ہوئی انڈسٹریز میں افرادی قوت کی جدید ترین تعلیم کی فراہمی سمیت، ایسے اختراعی حلوں کی تلاش کے لیے پُرعزم ہے جن سے سافک کی تمام تر کمیونٹیز کو معاونت ملے۔ قومی ماورائے ساحل ہوائی تربیتی مرکز کے قیام کے بانی شراکت دار کے طور پر، کالج مستقبل کی ہوا کی توانائی کی افرادی قوت کی تربیت کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔"

کاروباری نیٹ ورک برائے ماورائے ساحل ہوا کی CEO اور صدر Liz Burdock کا کہنا تھا کہ "ماورائے ساحل ہوا قومی توانائی کی منتقلی کی رفتار تیز کرنے کے عمل میں پانسہ پلٹنے کی صلاحیت رکھتی ہے، نیز یہ تمام کمیونٹیز کے لیے اچھی تنخواہ والی ملازمتیں بھی تخلیق کر سکتی ہے۔ تاہم، اپنے بامقصد قومی اور ریاستی اہداف کو پورا کرنے کے لیے، ہمیں چاہیئے کہ اس کے لیے فوری طور پر ہزاروں کی تعداد میں ہنرمند افرادی قوت تشکیل دیں۔ نیویارک کے پاس یہ صلاحیت موجود ہے، اور یہ اس متنوع افرادی قوت کے قیام اور ماورائے ساحل ہوا کی مراعات کو بڑے پیمانے پر پہنچانے کے لیے انتھک کوشش کے ذریعے قیادت کا مسلسل اظہار کرتا ہے۔ نیٹ ورک ایک اور اہم قدم بڑھانے پر ریاست اور اس کے شراکت داران کو مبارک باد پیش کرتا ہے۔"

امریکی صاف توانائی کے عبوری CEO اور مرکزی حمایتی افسر JC Sandberg نے کہا، "یہ سخت ترین لیبر مارکیٹ ہے جس کا ہم نے کئی دہائیوں میں مشاہدہ کیا ہے اور آج کل کے دور میں مضبوط اور جامع افرادی قوت کا فروغ، فروغ پذیر ماورائے ساحل ہوا کی مقامی انڈسٹری کی کامیابی کے لیے ازحد اہمیت کا حامل ہے۔ ہم گورنر Hochul، NYSERDA اور ان کے شراکت داران کو ایک ایسی ریاست میں ہماری افرادی قوت کے فروغ کے لیے مواقع کی مسلسل تخلیق پر سراہتے ہیں جس کا ماورائے ساحل ہوا کی قیادت میں ایک باوقار کردار ہے۔ ہم مضبوط، اعلیٰ تربیت یافتہ باصلاحیت افرادی قوت کے ذریعے ماورائے ساحل ہوا کی مقامی انڈسٹری کے مستقبل کے قیام میں معاونت کے سلسلے میں ایک قدم اور آگے آ گئے ہیں۔"

شہری مہم برائے ماحولیات کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Adrienne Esposito نے کہا، "قابلِ تجدید توانائی میں منتقلی کا مطلب ہے کہ ہم اپنی افرادی قوت کو ایسے نئے ملازمتی مواقع میں منتقل کریں جو ہوا کے شعبے کو خدمات فراہم کرتے ہوں۔ لانگ آئیلینڈ کے مرکز میں واقع، یہ امتیازی علامت کی حامل سہولت گاہ، ہماری افرادی قوت کو کیریئر کی ایسی نئی راہوں کے لیے تیار کرے گی جو مصنوعہ سازی اور ٹیکنالوجی کے لیے ضروری ہیں تاکہ قابلِ تجدید توانائی میں اضافہ کرنے میں مدد مل سکے۔ کمیونٹیز کو تعلیم، تربیتی پروگراموں اور ملازمتی تقرری کی فراہمی نہ صرف ہمارے جزیرے کی افرادی قوت کی اہم ضرورت کو پورا کرتی ہے بلکہ یہ محروم کمیونٹیز کے نوجوانوں کو بھی ترقی دے گی۔ شاندار کیریئر مواقع کی فراہمی، ترقی کی حامل کسی انڈسٹری میں مستحکم اجرتوں کی ادائیگی کے ذریعے اپنی نوجوان نسل کو وابستہ رکھنے اور انہیں کامیابی کی راہ پر گامزن کرنے کا ایک عمدہ طریقہ ہے۔ ہم گورنر Hochul، یونین ممبران، اورسٹیڈ اور ان تمام کو مبارک باد پیش کرتے ہیں جو لانگ آئیلینڈ کے اس خواب کو حقیقت کا روپ دینے کے لیے سرگرمِ عمل ہیں۔"

NY ماورائے ساحل ہوا کے اتحاد کے ڈائریکٹر Fred Zalcman کا کہنا تھا، "ریاست نیویارک میں امریکی ماورائے ساحل ہوائی انڈسٹری خاندان کی کفالت کی صلاحیت دینے والی ہزاروں ملازمتوں کی شمولیت کو یقینی بناتی ہے۔ آج کے دن، گورنر Hochul اس بات کو یقینی بناتے ہوئے ویژنری سرمایہ کاری لائی ہیں، کہ خواہشمند تاجران اور خواتین کو ضروری مہارتیں حاصل ہوں تاکہ وہ ابھرتی ہوئی گرین اور بلیو توانائی کی معیشتوں میں بامعانی کردار ادا کر سکیں۔"

قابلِ تجدید توانائی لانگ آئیلینڈ کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Gordian Raacke نے کہا، "لانگ آئیلینڈ اور پوری ریاست میں اپنی صاف توانائی کی افرادی قوت کو تربیت فراہم کرنا نیویارک کی کاربن سے پاک معیشت میں منتقلی کے لیے نہایت اہمیت کا حامل ہے جس کا وسیلہ قابلِ تجدید توانائی ہے۔ میں گورنر Hochul کو اچھی تنخواہ والی ملازمتیں اور معاشی مواقع تخلیق کرتے ہوئے، نیویارک کی معیشت کو کاربن سے پاک بنانے میں ان کی ویژنری قیادت اور حل کے لیے سراہتا ہوں۔"

نیویارک لیگ آف کنزرویشن کی صدر Julie Tighe نے کہا، "توانائی کی مستعد اور مؤثر پالیسی کی تشکیل--اور اس کے تیزتر نفاذ کے ذریعے--گورنر Hochul اور NYSERDA نے نیویارک کو ماورائے ساحل ہوا کی تیزی سے پھلنے پھولنے والی انڈسٹری میں قومی رہنما بنا دیا ہے۔ اور اب، قومی تربیتی مرکز اور مضبوط افرادی قوت کی ترقی کے پروگرام کو پروان چڑھانے کے ذریعے، نیویارک گندے فوسل ایندھن کے خاتمے اور صاف توانائی کی معیشت سے ایک قدم اور نزدیک ہو گیا ہے۔"

مجموعی طور پر آج کے اعلانات ریاست نیویارک کے ماورائے ساحل ہوا کے قومی رہنما پروجیکٹ کی پائپ لائن کے ترقی کی حمایت کرتے ہیں، جس میں اس وقت فعال عمل کاری میں پانچ پروجیکٹ ہیں، جو ملک کا سب سے بڑا پورٹ فولیو ہے۔ یہ ابتدائی پورٹ فولیو مجموعی طور پر 4,300 میگا واٹ سے زیادہ ہے، نیویارک کے 2.4 ملین سے زیادہ گھروں کو بجلی فراہم کرے گا، اور توقع ہے کہ اس سے ریاست میں 12.1$ بلین کا مشترکہ اقتصادی اثر پڑے گا۔ ان منصوبوں سے منصوبے کی تیاری، اجزاء کی تیاری، تنصیب، آپریشنز اور دیکھ بھال میں 6,800 سے زائد ملازمتیں پیدا ہونے کی بھی توقع ہے۔ 2035 تک ریاست کے ماورائے ساحل ہوا سے 9,000 میگاواٹ بجلی بنانے کے ہدف کے حصول سے خاطرخواہ توانائی پیدا ہو گی جس سے نیویارک ریاست کی تقریباً 30 فیصد بجلی کی ضروریات پوری ہوں گی، نیز 6 ملین گھروں کو بجلی فراہم ہو گی، اور تقریباً 10,000 ملازمتوں کا اضافہ ہو گا۔

ریاست نیویارک کا قومی رہنما موسمیاتی منصوبہ

نیو یارک اسٹیٹ کا ماحولیاتی ایجنڈا اس ملک ماحولیاتی اور ماحول دوست توانائی کا سب سے جارحانہ ہے، جو ماحول دوست توانائی کی جانب ایک منظم اور منصفانہ منتقلی درکار کرتا ہے جو ملازمتیں پیدا کرے گا اور نیو یارک کے COVID-19 کی عالمگیر وباء سے ابھرنے کے ساتھ ساتھ ایک ماحول دوست معیشت کی آبیاری کرنا جاری رکھے گا۔ کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے ذریعے قانون میں شامل کر کے، نیو یارک 2040 تک اپنے اخراج سے پاک بجلی کے شعبے کی تکمیل کے لازمی ہدف کے راستے پر ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابل تجدید توانائی کی پیداوار اور تمام معیشت میں کاربن کی غیر موجودگی حاصل کرنا شامل ہیں۔ اس کی بنیاد صاف توانائی کو بڑھانے کے لیے نیو یارک کی بے مثال سرمایہ کاری پر ہے جس میں ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیل کے منصوبوں میں 35$ بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے 1.8$ بلین، 1$ بلین سے زائد صاف نقل و حمل کی پہل کاروں کے لیے، اور 1.6$ بلین سے زائد نیو یارک گرین بنک وعدوں کے لیے ہے۔ کل ملا کر، یہ سرمایہ کاریاں 2020 تک نیو یارک کے ماحول دوست توانائی کے شعبے میں تقریباً 158,000 ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں، جو کہ سولر کی تقسیم کے شعبے میں 2011 سے لے کر 2,100 فیصد اضافہ ہے؛ اور ایک عزم کہ غیر سمندری ہوا کے ذریعے 2035 تک 9,000 میگا واٹس تیار کریں گے۔ موسمیاتی ایکٹ کے تحت، نیویارک اس پیش رفت پر کام کرے گا اور گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں 1990 کی سطح سے 2050 تک 85 فیصد کمی لائی گا، جبکہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ 40 فیصد ہدف کے ساتھ کم از کم 35 فیصد صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کی مراعات محروم کمیونٹیز کو پہنچائی جائیں، اور آن سائٹ توانائی کے استعمال میں حتمی استعمال کی توانائی کی بچتوں کی مد میں 185 ٹریلین BTUs تک کمی کے ذریعے ریاست کے 2025 کی توانائی کی استعداد کے ہدف میں پیش رفت جاری رکھے گا۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418